# Regional Urdu Text Bulletin, Aurangabad.

Date: 05 October-2023

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی اورنگ آباد

علاقائی خبریں

تاریخ: ۵/ اکتوبر ۲۰۲۳ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اُجولا گیس یوجنا کے استفادہ کنندگان کیلئے سلنڈر پر موجود رعایت میں 100 روپئے کا اضافہ کرنے کو مرکزی کابینہ کی منظوری؛ قومی ہلدی بورڈ کے قیام کا بھی فیصلہ۔

☆ ریاست کے دو سرکاری اسپتالوں میں بڑی تعداد میں مریضوں کی اموات کے سلسلے میں ممبئی عدالتِ عالیہ کا ریاستی حکومت کو نوٹس۔

☆ سِکّم میں بادل پھٹنے سے بھارتی فوج کے 23 جوانوں سمیت 59 افراد لاپتہ۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں مرکزی یوتھ فیسٹیول کا آغاز۔

☆ ایشیائی کھیلوں میں بھارت کو مزید 12 تمغے۔

اور ☆ بھارت کی میزبانی میں عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آج سے احمد آباد میں آغاز۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

اُجولا گیس یوجنا کے استفادہ کنندگان کو گیس سلنڈر پر دی جانے والی سبسیڈی پر حکومت نے فی سلنڈر 100 روپئے کا اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کل مرکزی کابینہ کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس کے بعد مرکزی وزیر برائے اطلاعات و نشریات انوراگ ٹھاکر نے ایک اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ ہلدی اور ہلدی کی مصنوعات کو فروغ دینے کی غرض سے قومی ہلدی بورڈ کے قیام کو مرکزی کابینہ نے منظوری دے دی۔ اس ضمن میں حکمنامہ جاری کر دیا گیا ہے۔ وزیرِ موصوف نے بتایا کہ ہلدی کی برآمد 1600 کروڑ روپئے سے بڑھا کر 8 ہزار 400 کروڑ کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں حسبِ ضرورت ہیلی پیڈ تعمیر کرنے اور ایئر ایمبولنس شروع کرنے کیلئے مہاراشٹر طیران گاہ ترقیاتی کمپنی کا نوڈل ایجنسی کے طور پر انتخاب کیا گیا ہے۔ کل وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی زیرِ صدارت ریاستی طیران گاہ ترقیاتی کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں وزیرِ اعلیٰ نے ایئر ایمبولنس کی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں سے رابطہ کرنے کے احکامات بھی جاری کیے۔ اسی دوران وزیرِ اعظم فصل بیمہ اسکیم پر خریف ہنگام میں عمل درآمد کا بھی وزیرِ اعلیٰ نے جائزہ لیا اور بیمہ کمپنیوں کو حکم دیا کہ فصل بیمے کے تحت معاوضے کی ادائیگی کے وقت حساسیت اور مثبت جذبات کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔

***** ***** *****

ریاست کے 12 اضلاع کے رابطہ وزراء کی ترمیم شدہ فہرست وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل جاری کردی۔اس فہرست کے مطابق نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کو پونا ضلع کا رابطہ وزیر مقرر کیا گیا ہے۔ چندرکانت پاٹل (امراوتی اور شولاپور) اضلاع کے، سدھیر منگنٹیوار (وردھا)، رادھا کرشن وِکھے پاٹل (آکولہ)، دلیپ ولسے پاٹل (بلڈانہ)، دھننجے منڈے (بیڑ) اور سنجے بنسوڑے (پربھنی) ضلع کے رابطے وزیر رہوں گے۔

***** ***** *****

ریاست کے دوسرکاری اسپتالوں میں بڑی تعداد میں مریضوں کی اموات کے واقعات کا ممبئی عدالتِ عالیہ نے ازخود نوٹس لیتے ہوئے ریاستی حکومت کو نوٹس جاری کیا ہے۔عدالت نے ایڈوکیٹ جنرل وریندر صراف کو حکم دیا کہ سرکاری اسپتالوں کیلئے بجٹ میں مختص کی گئی رقومات کی تفصیلات آج جمعرات کو عدالت میں پیش کریں۔عدالت نے واضح طور پر کہا کہ اسپتالوں میں مریضوں کے پلنگ اور زندگی بچانے والی ضروری ادویہ کی قلت کا جواز قبول نہیں کیا جائیگا۔

***** ***** *****

دریں اثناء ریاستی قانون ساز کونسل میں حزبِ اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے کہا ہے کہ اورنگ آباد، ناندیڑ اور ناگپور کے سرکاری اسپتالوں میں مریضوں کی اموات کی تمام تر ذمہ دار ریاستی حکومت ہے۔ وہ کل ناندیڑ میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔قانون ساز اسمبلی کے قائدِ حزبِ اختلاف وجئے وڑیٹیوار نے بھی کل ناندیڑ کے اسپتال کا دورہ کیا۔انھوں نے کہا کہ مریضوں کی اموات حکومتی بے حسی کا شاخسانہ ہے۔

اسی دوران ناندیڑ کے اس اسپتال کو ادویہ کی فراہمی کیلئے سابق وزیر اعلیٰ اشوک چوہان نے مختلف ذرائع سے امداد کی اپیل کی تھی۔ناندیڑ ضلع یووک کانگریس کے صدر پپو پاٹل کونڈھیکر کی پہل سے چار لاکھ روپئے کی ادویہ اور دیگر اشیاء ڈین ڈاکٹر ایس آر واکوڑے کے حوالے کی گئیں۔شہر ضلع یووک کانگریس کے صدر ڈاکٹر وِٹھل پاوڑے نے پرسوں سوا لاکھ روپئے کی دوائیاں اسپتالوں کو عطیہ کیں۔شری سچکھنڈ گردوارہ بورڈ نے بھی اسپتال کو طلب کے مطابق دوائیاں فراہم کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

***** ***** *****

سِکّم میں بادل پھٹنے سے بھارتی مسلح فوج کے 23 جوانوں سمیت 59 افراد لاپتہ ہوگئے ہیں۔اس آفت میں کئی گاڑیاں بھی کیچڑ میں دَب جانے کا خدشہ ہے۔اس سلسلے میں جاری کردہ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ لاپتہ افراد کی تلاش جاری ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں مرکزی یوتھ فیسٹیول کا کل سے آغاز ہوا۔اداکار یوگیش شرساٹھ اور اداکارہ انوشکا سرکٹے کے ہاتھوں دِیا جلا کر اس یوتھ فیسٹیول کا افتتاح عمل میں آیا۔اس فیسٹیول میں ڈھائی سو کالجوں کے تقریباً تین ہزار سے زائد طلباء فنکار حصہ لے رہے ہیں۔چار دِن چلنے والے اس یوتھ فیسٹیول میں 36 فنون کے مقابلے ہوں گے۔

***** ***** *****

چین میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے کل تین طلائی، پانچ نقرئی اور چار کانسے کے تمغے حاصل کیے۔میڈلس ٹیلی میں 18 طلائی، 31 نقرئی اور 32 کانسے کے تمغوں سمیت مجموعی طور پر 81 تمغے جیت کر بھارت چوتھی پوزیشن برقرار رکھے ہوئے ہے۔ایشیائی کھیلوں میں بھارت کی اب تک کی یہ بہترین کارکردگی ہے۔اس سے قبل گذشتہ ایشین گیمز میں بھارت نے کُل 70 تمغے حاصل کیے تھے۔

کل بھارت کی جان سے اَوجس دیوتڑے اور جیوتی سریکھا وینّم کی جوڑی نے تیراندازی کے کمپاؤنڈ زمرے میں، نیرج چوپڑہ نے بھالا پھینک اور چار سو میٹر رِیلے دوڑ میں مردوں کی ٹیم نے طلائی تمغے حاصل کیے۔ بیڑ کے اویناش سابڑے نے پانچ ہزار میٹر دوڑ اور خواتین کی 800 میٹر دوڑ مقابلوں میں ہرملن بینس نے نقرئی تمغے حاصل کیے۔ بھالا پھینک مقابلوں میں کشور جینا اور باکسنگ میں لولینا بورگوہین نے نقرئی تمغہ حاصل کیا۔35 کلومیٹر واک میں رام بابو اور منجو رانی نے، باکسنگ میں پروین ہڈا نے، کشتی میں سنیل کمار نے اور اسکوائش مکسڈ ڈبلز میں اَناہت سنگھ اور ابھئے سنگھ کی جوڑی نے ملک کیلئے کانسے کے تمغے حاصل کیے۔

***** ***** *****

بھارت کی میزبانی میں ایک روزہ بین الاقوامی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آج سے آغاز ہورہا ہے۔ آج احمد آباد میں کے نریندر مودی اسپورٹس کمپلیکس کرکٹ اسٹیڈیم پر گذشتہ عالمی کپ کا فائنل کھیلنے والی ٹیموں انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے مابین افتتاحی میچ کھیلا جائیگا۔ اسی میدان پر 14 تاریخ کو روایتی حریف بھارت اور پاکستان کا میچ ہوگا۔ اتوار 8 اکتوبر کو آسٹریلیاء کے ساتھ چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم پر بھارت کی ٹیم اپنا افتتاحی میچ کھیلے گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے پنڈت جواہر لال نہرو کالج کے طالب علم پرتھمیش کلکرنی کا بین الاقوامی بیڈمنٹن مقابلوں کیلئے انتخاب عمل میں آیا ہے۔ آئندہ 24 اکتوبر سے بنگلورو میں انفوسیس فاؤنڈیشن انڈیا انٹرنیشنل چیلنج میں وہ حصہ لے رہے ہیں۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں پردھان منتری آواس یوجنا اور ریاستی حکومت کی گھر کل یوجنا پر مؤثر عمل آوری کرنے پر مانوت پنچایت سمیتی کو بہترین کارکردگی کا ایوارڈ دیا گیا ہے۔ سیلو پنچایت سمیتی کو دوسرا اور پالم پنچایت سمیتی کو تیسرا ایوارڈ دیا گیا۔ رکنِ پارلیمان سنجے جادھو کے ہاتھوں یہ ایوارڈ تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

بلاتعطل بجلی فراہمی کے مطالبے پر ہنگولی ضلع کے کسانوں نے سین گاؤں میں کل تین گھنٹے طویل راستہ روکو احتجاج کیا۔ بجلی تقسیم کار کمپنی کی جانب سے معاون ڈپٹی انجینئر ستیہ نارائن وڑگاؤنکر کی جانب سے تحریری تیقن کے بعد یہ احتجاج ختم کیا گیا۔

***** ***** *****

عثمان آباد ضلعے میں گذشتہ ایک ہفتے سے چیتے کی نقل وحرکت دیکھنے میں آئی ہے۔ محکمۂ جنگلات کے افسران کو وڑگاؤں کے جنگلات میں یہ چیتا نظر آیا تھا۔ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ چیتا نظر آنے پر فوری طور پر گاؤں کے سرپنچ، پولس پاٹل اور محکمۂ جنگلات سے رابطہ کریں۔

***** ***** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اُجولا گیس یوجنا کے استفادہ کنندگان کیلئے سلنڈر پر موجود رعایت میں 100 روپئے کا اضافہ کرنے کو مرکزی کابینہ کی منظوری؛ قومی ہلدی بورڈ کے قیام کا بھی فیصلہ۔

☆ ریاست کے دوسرکاری اسپتالوں میں بڑی تعداد میں مریضوں کی اموات کے سلسلے میں ممبئی عدالتِ عالیہ کا ریاستی حکومت کو نوٹس۔

☆ سِکّم میں بادل پھٹنے سے بھارتی فوج کے 23 جوانوں سمیت 59 افراد لاپتہ۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں مرکزی یوتھ فیسٹیول کا آغاز۔

اور۔۔ ☆ ایشیائی کھیلوں میں بھارت کو مزید 12 تمغے۔ اور، بھارت کی میزبانی میں عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آج سے احمد آباد میں آغاز۔

***** ***** *****